© rasailojaraid.com



مطالعہ مذاہب، ساجد اسداللہ ○ قرآن اور دیگر کتب سماوی کی حفاظت، پروفیسر حافظ محمود اختر ○ زبور میں مذکور ابدی ممدوح الامم، عبدالستار غوری ○ سیدنا یعقوبؑ کی آپؐ کے بارے میں پیش گوئی، احسان الرحمٰن غوری ○ مذاہب عالم کی کتبِ مقدسہ میں صحابہؓ کا تذکرہ، عثمان احمد ○ اسلام: فکرِ اقبال کی روشنی میں، ڈاکٹر سید محمد اکرم شاہ ○ مولانا محمد ادریس کاندھلوی: تقابل ادیان میں خدمات، محمد سعد صدیقی ○ مولانا رحمت اللہ کیرانوی اور مطالعہ مسیحیت، محمد عبداللہ صالح ○ بہائیت اور اس کا نظامِ عبادت، ڈاکٹر جمیلہ شوکت ○ تقابلِ ادیان میں مولانا ثناء اللہ امرتسری کی خدمات، محمد اسرائیل فاروقی، محمد شہباز حسن، ○ مولانا عبدالشکور لکھنوی: معروف مبلغ، عاصم نعیم ○ یکساں اخلاقی نصب العین اور بین المذاہب ہم آہنگی، زاہد منیر عامر۔ علامہ علاء الدین صدیقی مرحوم کے تین انگریزی مقالات حضرت ابراہیمؑ، رسول کریمؐ اور اسلام کے بارے میں ہیں۔

پروفیسر ڈاکٹر جمیلہ شوکت نے فی الحقیقت بڑی محنت سے اس گلدستۂ معلومات کو مرتب کیا ہے۔ اس پیش کش میں سلیقہ بھی ہے اور حُسنِ ترتیب بھی۔ ادارہ علومِ اسلامیہ اس نیکی پر مبارک باد کا مستحق ہے۔ (سلیم منصور خالد)

**سفرِ عرب اور حج بیت اللہ**، سید ابوالاعلیٰ مودودی۔ ناشر: منشورات، منصورہ، ملتان روڈ، لاہور۔ فون: ۵۴۳۴۹۰۹-۰۴۲۔ صفحات: ۱۶۸۔ قیمت: ۱۹۵ روپے۔

تقریباً ۵۵ برس پہلے، مولانا مودودی کے پہلے سفرِ حج اور اُردن، فلسطین اور شام کے دورے کی روداد پہلے روزنامہ تسنیم اور پھر کتابی شکل میں مولانا مودودی کا دورۂ مشرق وسطیٰ کے نام سے شائع ہوئی تھی۔ یہ کتاب تقریباً نایاب کے درجے میں تھی۔ سلیم منصور خالد صاحب نے اسے دریافت اور بازیافت کر کے ازسرِنو مرتب کیا اور نہایت معلومات افزا حواشی و تعلیقات اور اشاریے کے ساتھ زیرنظر کتاب کی شکل میں شائع کیا ہے۔ سلسلۂ مطالعاتِ مودودی میں اس کتاب کو ایک اعتبار سے بنیادی ماخذ کی حیثیت حاصل ہوگی۔

جون ۱۹۵۶ء کے اس سفر میں مولانا نے سب سے پہلے دمشق کی مؤتمر اسلامی میں شرکت کی تھی، بعد میں جملہ مندوبین اُردن گئے جہاں اس وقت کے حکمران شاہ حسین نے مندوبین کی دعوت کی۔ عمان سے مولانا بیت المقدس اور فلسطین گئے۔ وہاں سے دمشق پہنچ کر بذریعہ ہوائی جہاز

© rasailojaraid.com